

المیزان
شمارہ نمبر 6

## انٹرنیٹ پر
# موضوعاتی اعتبار سے قرآنی آیات کی تلاش

سید امتیاز علی



آج کی دنیا میں تحقیقات کے لئے کسی بھی کتاب کے موضوعات کو خاص اہمیت دی جاتی ہے۔ قرآن کریم کتاب ہدایت ہے اور اسے کسی خاص موضوع سے مخصوص نہیں کیا جاسکتا گویا قرآن کے موضوعات کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ قرآنی حوالے سے کمپیوٹر پر کام کرنے والوں نے اب تک ۲۰،۰۰۰ سے زیادہ ایسے موضوعات قلمبند کئے ہیں جن کے لئے قرآن کی آیات کو حوالہ بنایا جاسکتا ہے اور آئندہ یہ موضوعات بڑھ بھی سکتے ہیں۔

انسانی علوم کے علماء و محققین ہوں یا قرآن کا عام قاری ہر ایک کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ کسی خاص موضوع پر قرآن میں موجود آیات کو یکجا کر کے مطالعہ کرے اور پھر اس موضوع پر قرآنی نکتہ نگاہ جاننے کی کوشش کرے۔ اسی انسانی خواہش کے پیش نظر کئی کتابوں کی تالیف کی گئی ہے نیز بعض مترجم قرآنی نسخوں میں ایسے انڈکس دیئے گئے ہیں جن سے قاری قرآن اپنے مطلوبہ موضوع سے متعلق آیات کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔


کمپیوٹر کے عام ہو جانے اور پھر انٹرنیٹ کے وجود میں آجانے سے اب یہ طریقہ اور بھی آسان ہو گیا ہے اس مضمون میں ہم انٹرنیٹ کے ذریعے کسی خاص موضوع سے متعلق قرآنی آیات کی تلاش کے طریقہ کار کی وضاحت کریں گے۔ اس کام کے لئے سب سے پہلے آپ کو "اخوت ٹرسٹ" کی ویب سائٹ پر جانا ہوگا جس کا ایڈریس درج ذیل ہے۔ www.asiapak.net/ukhuwat جب "اخوت ٹرسٹ" کا صفحہ نمودار ہو جائے تو مجلّہ "المیزان" کے نام پر اپنے ماؤس سے کلک کریں اور "المیزان" کے انگریزی سیکشن میں The Quranic World of internet کے زیر عنوان موضوع کو ماؤس کے ذریعے کلک کریں۔

**Search the Holy Quran**

- **Subject wise search**
- **Site No.1**


جب اس موضوع کا انتخاب کریں گے تو آپ کی کمپیوٹر اسکرین پر شکل نمبر 1 نمودار ہو گی۔

جیسا کہ آپ اس شکل میں ملاحظہ کر رہے ہیں کہ A اور Z تک انگریزی حروف درج ہیں۔ ان حروف میں سے جس حرف کا بھی آپ انتخاب کریں گے اس سے شروع ہونے والے موضوعات کی فہرست آپ کے سامنے آجائے




شکل نمبر ۱


گی۔ فرض کیجئے آپ نے 'H' کے حرف کا انتخاب کیا تو اس صورت میں شکل نمبر ۲ آپ کے سامنے نمودار ہو گی جس میں 'H' سے شروع ہونے والے موضوعات درج ہیں اور ہر موضوع کے سامنے اس سورت اور آیت کا عدد درج ہے جو اس موضوع سے متعلق ہے۔ آپ کو یہ سہولت مہیا ہے کہ آپ دائیں طرف دی گئی Scroll Bar کے ذریعے ان موضوعاتی صفحات کو اوپر اور نیچے کر سکتے ہیں مثلاً آپ کے سامنے اگر 'H' سے شروع ہونے والے موضوعات کا صفحہ ہو اور آپ 'G' سے شروع ہونے والے موضوعات کو دیکھنا چاہتے ہوں تو ایسا کیجئے کہ اپنے ماؤس کی مدد سے سکرین پر نظر آنے والے Scroll Bar کو اوپر کی طرف کھینچے یہاں تک کہ 'G' سے شروع ہونے والے موضوعات کی فہرست




# H

- Hagar
  - and Ishmael, 2:158
- Hajj, 2:158, 2:189, 2:196-199, 22:27-36
  - abstention from quarreling during, 2:197
  - duty to visit Mecca (Makkah), 3:97
  - exemption from, 2:196
  - fasting during, 2:196
  - hunting forbidden, 5:1, 5:94-95
    - aquatic game approved during, 5:96
    - violate it once? Don't do it twice!, 5:95
      - reparations for doing it once, 5:95
  - rules, 5:2
  - sacrifice during, 2:196
- Haman, 28:6, 28:8, 28:38, 29:39, 40:24, 40:36
- Harut and Marut, 2:102

شکل نمبر۲




- Forgetting, 17:86, 18:24, 87:6-7
- Fornication (see Marriage)
- Friends, 8:72
  - avoid active disbelievers, 3:118-120, 5:57, 15:94, 58:14, 60:1, 60:13
  - leave company of those in the act of mocking Allah's law, 4:140, 6:68
  - forbidden are those who fight against you because of your religion, 60:9
- Future
  - learning of it through divination forbidden, 5:3, 5:90, 15:18, 37:8, 72:9


# G

- Gabriel, 2:97, 66:4
- Games of Chance
  - forbidden, 2:219, 5:20, 5:91
- Geographic locations and History
  - As Safa and Al Marwah, 2:158
  - first temple at Bakkah, 3:96
- Ginger, 76:12
- Goddesses of the pagan Arabs, 53:19

شکل نمبر۳

نمودار ہو جائے جیسا کہ شکل نمبر (۳) میں دکھایا گیا ہے۔

اب جبکہ مختلف موضوعات آپ کے سامنے نمودار ہو گئے تو اب آپ کو اختیار ہے کہ اپنے مطلوبہ موضوع کا انتخاب کریں اور اس سے متعلقہ آیت کے انگریزی تراجم کو سکرین پہ ملاحظہ کریں۔ مثلاً آپ کے سامنے شکل نمبر (۳) کی سکرین ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ موضوع "Friends" سے متعلق آیات کا ترجمہ ملاحظہ کریں کو آپ اسکرین پر لکھے گئے لفظ Friends پر اپنے ماؤس سے کلک کریں گے اور آپ کے سامنے شکل نمبر (۴) کی سکرین نمودار ہو جائے گی جیسا کہ آپ ملاحظہ کر رہے ہیں اس سکرین پر قرآنی سورت نمبر ۸ (انفال) کی آیت نمبر ۷۲ کے تین انگریزی تراجم آپ کے سامنے ہیں یہ تین تراجم عبداللہ یوسف علی، پکتھال اور شاکر کے مشہور و معروف ترجمے ہیں۔ ان تینوں تراجم کو ایک ہی سکرین پر ملاحظہ کر لینے سے انگریزی دان طبقے کو قرآن کی آیت کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع مل جاتا ہے کیونکہ ایک ترجمہ کا سقم شاید دوسرے ترجمے سے رفع ہو جائے۔ موضوعات کی تلاش کے اس الفبائی طریقہ کار کے علاوہ بھی ایک طریقہ کار ہے اس کے ذریعے موضوع کے انتخاب کے لئے آپ کو ایک بار پھر "المیزان" کے ویب پیج پر جانا ہو گا اور وہاں سے Search the Holiy Quran کے زیر عنوان Subject wise search کی Site No 2 پہ کلک کرنا ہو گا اس صورت میں شکل نمبر (۵) آپ کے سامنے نمودار ہو جائے گی اور اس شکل میں مخصوص


QUR'AN CHAPTER 8: AL-ANFAL (SPOILS OF WAR, BOOTY) - Netscape

File Edit View Go Communicator Help

008.072

YUSUFALI: Those who believed, and adopted exile, and fought for the Faith, with their property and their persons, in the cause of Allah, as well as those who gave (them) asylum and aid,- these are (all) friends and protectors, one of another. As to those who believed but came not into exile, ye owe no duty of protection to them until they come into exile; but if they seek your aid in religion, it is your duty to help them, except against a people with whom ye have a treaty of mutual alliance. And (remember) Allah seeth all that ye do.

PICKTHAL: Lo! those who believed and left their homes and strove with their wealth and their lives for the cause of Allah, and those who took them in and helped them these are protecting friends one of another. And those who believed but did not leave their homes, ye have no duty to protect them till they leave their homes, but if they seek help from you in the matter of religion then it is your duty to help (them) except against a folk between whom and you there is a treaty. Allah is Seer of what ye do


SHAKIR: Surely those who believed and fled (their homes) and struggled hard in Allah's way with their property and their souls, and those who gave shelter and helped-- these are guardians of each other; and (as for) those who believed and did not fly, not yours is their guardianship until they fly, and if they seek aid from you in the matter of religion, aid is incumbent on you except against a people between whom and you there is a treaty, and Allah sees what you do

008.073


Document: Done

Start | Al-Meezan - Netscape | QUR'AN CHAPTE... | page2 - Paint | 6:07 PM

شکل نمبر ۴




شکل نمبر ۵





شکل نمبر ۶

جگہ پر آپ کو اپنا مطلوبہ موضوع ٹائپ کرنا ہو گا مثلاً آپ چاہتے ہیں کہ موضوع "Family" سے متعلق قرآنی آیات کو ملاحظہ کریں تو اس کے لئے آپ کو لفظ **Family** ٹائپ کرنا ہو گا اور سکرین **Submit Querry** کے بٹن کو کلک کرنا ہو گا۔ اسطرح آپ کی سکرین پر شکل نمبر ۶ نمودار ہو جائے گی۔

جیسا کہ آپ ملاحظہ کر رہے ہیں کہ اس سکرین پر ان تمام آیات کے حوالے (سورت اور آیت نمبر) درج ہیں جو موضوع "Family" سے متعلق ہیں۔ ان میں سے کسی ایک کو ماؤس کے ذریعے کلک کریں گے تو اس آیت کے انگریزی تراجم آپ کے سامنے نمودار ہو جائیں گے مثلاً آپ پہلی آیت جس کا حوالہ (**02-196**) یعنی سورہ بقرہ کی آیت نمبر **196** درج ہے پر کلک کریں گے تو آپ کے سامنے شکل نمبر (۷) نمودار ہو جائے گی جس میں پہلے کی طرح تین انگریزی تراجم آپ کے سامنے آجائیں گے۔

اس شکل میں اس وقت آیت کے دو ترجمے نظر آرہے ہیں کیونکہ آیت لمبی ہے۔ تیسرے ترجمے کو ملاحظہ کرنے کے لئے آپ کو دائیں طرف دی گئی **Scroll Bar** سے مدد لینا ہو گی۔




شکل نمبر ۷